جناب شفیق الدین فاروقی

دار العلوم کے شب و روز

دار العلوم کے استاد حدیث حضرت مولانا نصیب خانؒ کی شہادت کے سلسلے میں تعزیت کے لئے علماء، مشائخ اور سیاسی زعماء کی دار العلوم آمد: حضرت مولانا نصیب خانؒ کی المناک شہادت کے بعد دار العلوم میں تعزیت کنندگان کا ایک تانتا بندھا ہوا ہے۔ زندگی کے ہر شعبے سے وابستہ سینکڑوں افراد اب تک تعزیت کے لئے آچکے ہیں، جس کا تفصیلی ذکر اداریہ میں آچکا ہے۔ چند اہم مشاہیر میں سے جماعۃ الدعوہ کے امیر حضرت حافظ محمد سعید حفظہ اللہ، جماعت اہل سنت کے سربراہ مولانا احمد لدھیانوی مدظلہ، جماعت اسلامی کے سابق امیر جناب قاضی حسین احمد صاحب مدظلہ اور جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولانا گل نصیب خان نمایاں ہیں۔ جناب حافظ سعید صاحب مدظلہ اور مولانا لدھیانوی مدظلہ نے ایوان شریعت ہال میں اساتذہ اور طلباء سے تعزیت کی اور حضرت مولانا مرحوم کی جرات اور دار العلوم حقانیہ کی شاندار خدمات پر بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔

دار العلوم کے وسطانی امتحانات میں پوزیشن حاصل کرنے والوں میں تقسیم انعامات:

۱۲ر اپریل ۲۰۱۲ء بروز جمعرات دار العلوم حقانیہ کے وسطانی امتحانات کے نتائج اور امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والوں کو انعامات دینے کیلئے ایوان شریعت ہال میں ایک پر وقار تقریب زیر صدارت حضرت مولانا سمیع الحق صاحب، مہتمم جامعہ حقانیہ منعقد ہوئی۔ تقریب کی ابتداء ختمات قرآن اور خصوصاً ختم بخاری سے کی گئی، حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کے خطاب کے بعد حضرت مولانا محمد انوار الحق صاحب، نائب مہتمم جامعہ دار العلوم حقانیہ نے امتحانی نظام اور امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والوں کے انتخاب کے طریق کار پر حاضرین مجلس کو اپنے بیان سے نوازا۔ بعد میں انعامات کی تقسیم حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کے دست مبارک سے ہوئی۔ نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء اسمائے گرامی درج ذیل ہیں: (درسگاہ نمبر ۱ قاری ذاکر اللہ صاحب) اول: صلاح الدین بن اکبر خان۔ دوم: رفیق اللہ بن واصل خان۔ سوم: سید عمر بن محمد ظاہر۔ (درسگاہ نمبر ۲ قاری محمد شفیع اللہ حقانی صاحب) اول: رویس الحسن بن ابرار الحسن۔ دوم: عبدالرحمن بن عبداللہ خان۔ سوم: محمد اسماعیل بن حاجی باز محمد۔ (درسگاہ نمبر ۳ قاری محمد زاہد صاحب): اول: صدام حسین بن حاجی خوانی۔ دوم: اویس محمود بن خالد محمود۔ سوم: محمد اسماعیل بن سید افضل۔ (درسگاہ نمبر ۴ قاری فضل ربی صاحب): اول: محمد حمزہ بن سید حبیب۔ دوم: محمد حذیفہ بن زیارت گل۔ سوم: سید عمر بن طالب آغا۔ (درسگاہ نمبر ۵ قاری امام حسین صاحب) اول: فضل واجد بن محمد فاضل۔ دوم: عبدالصمد بن عبدالعزیز۔ سوم: عبداللہ بن سیف الرحمن۔ (درسگاہ نمبر ۶ قاری ارشاد صاحب) اول: محمد قاسم بن طوطی مرجان۔ دوم: آغا گل بن حاجی عبدالجید۔ سوم: مختار اللہ بن محمد فقیر۔